No. F. 8 (25)/2022-23-ADMN-PEC(S)
**OFFICE OF THE PROVINCIAL ELECTION COMMISSIONER SINDH**
Pakistan Secretariat, Block No.44-A, Shahrah-e-Iraq, Saddar,

Karachi, the 01st January 2026

To

The Director General,
Press Information Department,
Government of Pakistan,
Karachi.

Subject: - **AUCTION NOTICE FOR POLLING RECORD / WASTE PAPER.**

Dear Sir,

I am directed to send herewith a copy of Auction Notice / Advertisement regarding the **Auction of polling record / waste paper** lying in Sindh Province, required to be published in the daily newspapers including The News (English), The Jang (Urdu) and Kawish (Sindhi) on **04.01.2026 (Sunday).**

2. It is therefore requested that the Auction Notice may please be got published in the above-mentioned daily newspapers, as delay in publishing of advertisement will not serve the purpose.

Yours sincerely,

(Muhammad Mushtaq)
Assistant Director (Admn)
Sindh

Copy forwarded to the Deputy Director, Public Procurement Regulatory Authority, Islamabad with the request to kindly upload the said auction notice on the EPADs of PPRA.

2. Copy of Auction Notice also forwarded to the Deputy Director (Web) to kindly upload the same on the website of ECP.

(Muhammad Mushtaq)
Assistant Director (Admn)
Sindh

CamScanner
CS Scanned with CamScanner
CamScanner

# دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، سندھ

پاکستان سیکریٹریٹ، بلاک A-44، شاہراہ عراق، صدر کراچی۔


## پولنگ ریکارڈ / ردی کاغذات کو ریسائیکل / پلپ کروانے کے لیے کانٹریکٹر سے تخمینۂ نرخ طلبی کا نوٹس۔

صوبائی الیکشن کمشنر سندھ کی جانب سے عام انتخابات 2018 اور 2024، کنٹونمنٹ بورڈ انتخابات 2021، بلدیاتی انتخابات 22-2021 اور تمام ضمنی انتخابات (ماسوائے کورٹ کیسز) کے پولنگ ریکارڈ / ردی کاغذات کو ریسائیکل / پلپ کروانے کے لیے معروف پلپ بنانے والی فرمز (Firms) یا پھر انکے ساتھ اشتراک میں ہوں، کلیکٹریٹ آف سیلز ٹیکس اینڈ فیڈرل ایکسائز سے رجسٹرڈ بھی ہوں اور جن کے متعلق کسی عدالت میں کوئی قانونی کاروائی زیر التواء نہ ہو، ان سے سیل بند تخمینۂ نرخ / نیلامی مطلوب ہیں۔ فارم برائے نیلامی پولنگ ریکارڈ / ردی کاغذات دفتر ہذا سے بعوض **1000** روپے ناقابل واپسی حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

یہ نیلامی کے لیے پیشکشیں مورخہ 27 جنوری 2026 بروز منگل صبح 11:00 بجے تک وصول کی جائیں گی اور فرمز کے نمائندوں کی موجودگی میں اسی دن صبح 11:30 بجے کھولی جائیں گی۔

**شرائط:**

۱۔ متعلقہ نیلامی / ٹینڈر میں صرف ایسی فرمز (Firms) حصہ لیں جو کہ گورنمنٹ سیکٹر میں کام کرنے کا تجربہ رکھتی ہوں اور ماضی میں کسی سرکاری ادارے میں کام کرنے کے حوالے سے متنازعہ اور PPRA سے ممنوعہ (Black Listed) نہ ہو۔ مزید براں، شفاف شہرت کی حامل ہوں۔

۲۔ متعلقہ نیلامی / ٹینڈر میں فرمز (Firms)، PPRA کے ای۔پیڈز (E-Pads) کے ذریعے ہی حصہ لے سکیں گی۔

۳۔ نیلامی / ٹینڈر نوٹس PPRA اور الیکشن کمیشن کی آفیشل ویب سائٹس سے بھی ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت موجود ہے۔

۴۔ مجاز فرم تحریری حلف نامہ داخل کرے گی کہ ردی کاغذ کو ملوں میں صرف پلپ (Pulp) کیلئے استعمال کیا جائیگا اور اس کی بازار میں کسی بھی صورت میں فروخت نہیں کی جائیگی۔

۵۔ مجاز فرم ٹینڈر فارم میں مل کا نام درج کرے گی اور معاہدہ کی منظوری مل کے معائنہ کے بعد تصور کی جائیگی۔ صرف پلپ (Pulp) بنانے والی فرمز نیلامی میں شرکت کے لیے اہل ہیں۔ پلپ (Pulp) بنانے والی فیکٹری کی عدم موجودگی میں کسی دوسری پلپ (Pulp) بنانے والی فیکٹری کے ساتھ باہمی اشتراک (Joint Venture) کا سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگا۔

۶۔ پولنگ ریکارڈ / ردی کاغذ کا وزن ممکنہ طور پر کم وبیش **315000 کلوگرام** ہے۔

۷۔ نیلامی میں حصہ لینے والی فرموں کے لیے پولنگ ریکارڈ / ردی کاغذات کی کم از کم قیمت (Reserve Price) **50 روپے فی کلوگرام** مقرر کی گئی ہے۔

۸۔ مبلغ 3 لاکھ روپے بطور زر ضمانت بصورت (Bid Money) بحق صوبائی الیکشن کمشنر سندھ، کراچی ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا، جو کہ قابل واپسی ہے۔

۹۔ مجاز فرم ردی کاغذ فی کلوگرام ریٹ (بغیر ٹیکسز) درج کریگی۔ تمام رائج الوقت ٹیکسز کل رقم (سیل پروسیڈز) پر علیحدہ سے سامان اٹھاتے وقت وصول کئے جائیں گے۔

۱۰۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے یا نامکمل ٹینڈر قابل قبول نہیں ہونگے۔

۱۱۔ نیلامی میں کامیاب بولی دہندہ پابند ہوگا کہ 7 یوم کے اندر اسٹامپ پیپر پر رضامندی دیگا اور نیلامی کمیٹی کو دعوت دیگا کہ اسکی پلپ بنانے والی فیکٹری / مل کا معائنہ کیا جائے۔ کمیٹی کی طرف سے اطمینان کے اظہار کے بعد کامیاب بولی دہندہ 7 یوم کے اندر صوبائی الیکشن کمشنر کے ساتھ معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ ریٹس منظور ہونے کی صورت میں کامیاب فرم کو مبلغ 10 لاکھ روپے بصورت Pay Order بطور (زر ضمانت) جمع کروانا ہونگے۔

۱۳۔ ہر قسم کے ٹیکس (سیلز / انکم ٹیکس وغیرہ) بذمہ فرم ہوں گے۔

۱۴۔ مجاز فرم اپنے انتظام پر متعلقہ اضلاع سے سامان اٹھائیگی۔ فرم اضلاع سے سامان اٹھاتے وقت سامان میں سے ناقابل فروخت اشیاء (الیکشن مہریں، پولنگ بیگز اور اسٹیشنری وغیرہ) کو الگ کرنے میں متعلقہ اضلاع میں معاونت / لیبر فراہم کرے گی۔

۱۵۔ وہ کمپنی جو مذکورہ دستاویزات کے علاوہ انتخابی مواد یا اسٹیشنری خریدنے یا چوری کرنے میں ملوث پائی گئی تو اسے بلیک لسٹ کر دیا جائیگا اور متعلقہ REC/DEC فوری طور پر تمام مٹیریل اپنے قبضے میں لے لیگا جبکہ اس کمپنی کا نام اور تفصیلات مستقبل کے ریکارڈ کے لیے کمیشن اور PPRA کو ارسال کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۶۔ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے والی کمپنی کے خلاف جرمانہ اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۱۷۔ فروخت سے حاصل شدہ رقم DEC/DDO کو نقدی کی صورت میں جمع کروائی جائے گی۔ مزید برآں چیک اور پے آرڈر کسی صورت قابل قبول نہیں ہونگے۔

۱۸۔ کمپنی کو اسی صورت میں پولنگ ریکارڈ / ردی کاغذات اٹھانے کی اجازت دی جائے گی جب وہ فروخت کی رقم اور قابل اطلاق ٹیکسز ایف۔بی۔آر (FBR) کے پروفارما پر متعلقہ DDO / DEC کے پاس علیحدہ سے جمع کرادے گا۔

۱۹۔ کامیاب بولی دہندہ معاہدے پر عمل درآمد کے 6 ماہ کی مدت کے اندر سندھ کے تمام ڈویژن / اضلاع سے پولنگ ریکارڈ / ردی کاغذات جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر اٹھانے کا پابند ہوگا۔

۲۰۔ مقررہ مدت کے اندر سامان نہ اٹھانے کی صورت میں یا کنٹریکٹ کی دوسری شرائط کی خلاف ورزی کرنیوالی فرمز کی زر ضمانت بحق سرکار ضبط یا متعلقہ فرم پر جرمانہ / ضروری قانونی کاروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

۲۱۔ اگر بولی دہندہ مقررہ مدت کے اندر نیلامی کا سامان نہ اٹھاسکا تو دفتر صوبائی الیکشن کمشنر سندھ تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد معاہدہ منسوخ کردیگا اور جمع شدہ سیکیورٹی ڈپازٹ بھی ضبط کرلی جائیگی۔

۲۲۔ صوبائی الیکشن کمشنر سندھ بغیر کسی وضاحت کے ٹینڈر کے ذریعے موصول ہونیوالے ٹینڈر کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔


ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) سندھ، کراچی

فون: 021-99203383



Scanned with CamScanner

CamScanner